**SET-4**

**Series : GBM/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 257**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- براہ کرم چیک کیجیے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **4** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کی داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلبا کو اپنی جواب کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجیے کہ سوال کے پرچہ میں **25** ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سماجیات

# SOCIOLOGY

وقت : **3** گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر : **80**
*Maximum marks : 80*

**عام ہدایات :**

*(i)* سوالوں کی مجموعی تعداد **25** ہے۔

*(ii)* **تمام** سوالات لازمی ہیں۔

*(iii)* سوالات نمبر **1** تا **14** مختصر جواب والے سوال ہیں، ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے اور ہر سوال کا جواب **30** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

*(iv)* سوالات نمبر **15** تا **21** طویل جواب والے سوال میں، ہر سوال **4** نمبر کا ہے اور ہر ایک سوال کا جواب **80** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

*(v)* سوالات نمبر **22** تا **25** زیادہ طویل جواب والے سوال ہیں، ہر ایک سوال **6** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب لگ بھگ **200** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔ سوال نمبر **25** کا جواب دیے ہوئے اقتباس کی بنیاد پر دینا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1. | عبوری دور آبادی کا دھماکہ (غیر معمولی اضافہ) سے جڑا ہوا کیسے ہے؟ | 2 |
| 2. | لیسیز-فیئر (Laisse-z-faire) کا مطلب بتائیے۔ | 2 |
| 3. | آمرانہ ریاست (authoritanian state) کی کوئی دو خصوصیات بتائیے۔ | 1 + 1 = 2 |
| 4. | دلت، دیگر پسماندہ طبقات (OBC) سے کس طرح مختلف ہیں؟ | 1 + 1 = 2 |
| 5. | مثال دے کر بتائیے کہ مذہبی اقلیتی گروپ کو کس طرح نقصان اٹھانا پڑتا ہے؟ | 1 + 1 = 2 |
| 6. | باغان مالکوں (Planters) کی زندگی کس طرح کی تھی؟ | ½ × 4 = 2 |
| 7. | جمہوریت کا مطلب بتائیے۔ | 2 |
| 8. | آزاد ہندوستان نے عالم کاری (گلوبلائزیشن) نظریے کو کیسے بنائے رکھا؟ | 2 |
| 9. | ہمارے ملک میں زراعت اور ثقافت کس طرح ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں؟ مثال دیجیے۔ | 1 + 1 = 2 |
| 10. | بے نامی منتقلی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ | 2 |
| 11. | مزدوروں کی گردش سے زراعتی مزدور کی شکل میں عورتوں کی حصہ داری کیسے بڑھی؟ | 2 |
| 12. | عدم سرمایہ کاری (disinvestment) کے معنی بتائیے۔ | 2 |
| 13. | کارل مارکس کے مطابق 'الگ واد کی حالت' (alienation situation) کیا ہوتی ہے؟ | 2 |

14. ہڑتال 'تالا بندی' سے کس طرح مختلف ہے؟ **1 + 1 = 2**

15. ہندوستان میں جنسی تناسب کے گرنے کے اسباب بیان کیجیے۔ **4**

**یا**

ہندوستان میں عمری ساخت میں بہت زیادہ علاقائی فرق پایا جاتا ہے۔ وجوہات بتائیے۔

16. الفرڈ گیل (Alfred Gell) کے مطابق بازار کی اہمیت معاشی عمل سے کہیں آگے (زیادہ) ہے۔ بیان کیجیے۔ **4**

17. آر ٹی آئی ایکٹ (RTI Act) معلومات حاصل کرنے کا حق ریاست کو ملک اور اس کے عوام (لوگوں) کے لیے جواب دہ کس طرح بناتا ہے؟ بیان کیجیے۔ **2 + 2 = 4**

**یا**

ریاستیں، اکثر ثقافتی تنوع کے بارے میں مشکوک کیوں ہوتی ہیں؟

18. استعماریت (Colonialism) نے لوگوں کی آمدورفت میں نمایاں طور پر اضافہ کیا۔ بیان کیجیے۔ **4**

19. پنچایتی راج کو آئین میں شامل کرنے کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر اور مہاتما گاندھی کے ذریعے دی گئی دلیلوں کی جانچ کیجیے۔ **4**

20. پوری دنیا میں معذوری کا جو مطلب سمجھا جاتا ہے اس کی کچھ عام خصوصیات بتائیے۔ مثال دیجیے۔ **4**

21. ان مختلف سیاسی تبدیلیوں کو بیان کیجیے جن کی وجہ سے عالم کاری میں مزید تیزی پیدا ہوئی۔ **4**

22. ہندوستان میں قبائلی پہچان کو جھارکھنڈ کے خاص حوالے میں بیان کیجیے۔ **6**

**یا**

نوآبادیاتی حکومت کے دوران ذات کے ادارے کس طرح سے اور زیادہ مظبوط ہوئے - بیان کیجیے۔

23. ہندوستانی سماج میں تبدیلی کے عمل کی شکل میں مغربیانے کو بیان کیجیے۔ 6

24. ان تبدیلیوں کو بتایئے جو کہ اخبار کی انڈسٹری میں ہو رہی ہیں۔ 6

25. درج ذیل پیراگراف کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے :

ہمارے موجودہ اطلاعاتی دور میں پوری دنیا کی سماجی تحریکیں اور غیر سرکاری تنظیموں، مذہبی اور انسانیت پرست گروہوں، انسانی حقوق کی انجمنوں، صارف تحفظ کی وکالت کرنے والوں، ماحولیاتی تحریک کاروں اور مفاد عامہ کے لیے مہم جوئی کرنے والے دیگر لوگوں پر مشتمل ایک بڑے علاقائی اور بین الاقوامی نیٹ ورک میں یکجا ہونے کے اہل ہیں...... مثال کے طور پر سیٹل (Seattle) میں عالمی تجارتی تنظیم کے خلاف ہوئے زبردست مظاہرے کو جزوی طور پر انٹرنیٹ پر مبنی نیٹ ورک کے ذریعہ منظّم کیا گیا تھا۔

(a) سماجی تحریک سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ 2

(b) سماجی تحریک کو گلوبلائزڈ ہونے میں تکنالوجی کس طرح مدد کرتی ہے ؟ مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔ 4